25/03/2026

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی نے کل شام امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نریندر مودی نے بتایا کہ دونوں

رہنماو

ں نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ٔ

وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کشیدگی میں کمی اور امن کی جلد از جلد بحالی کی حمایت کرتا ہے،

اور اس بات کو یقینی بنانا ضروری ہے کہ آبنائے ہرمز کھلی اور قابلِ رسائی رہے۔

نریندر مودی نے مزید کہا کہ دونوں

رہنماو

ں نے امن اور استحکام کے لیے جاری کوششوں کے حوالے سے ایک دوسرے سے رابطے میں ٔ

رہنے پر اتفاق کیا۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے محکمہ صحت اور مختلف اضلاع کی انتظامیہ سے تاکید کی کہ وہ

تپ دق کے تعلق سے ٹیسٹنگ کے عمل میں تیزی لائیں تاکہ ٹی بی سے متاثرہ علاقوں اور افراد

کی نشاندہی کی جاسکے۔

ٹی بی مخالف عالمی دن کے موقعے پر کنونشن سینٹر جموں میں 100 روزہ ٹی بی مکت بھارت

ابھیان کے آغاز پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے گھر گھر جا کر اس بیماری سے متعلق

آگاہی پھیلانے پر بھی زور دیا۔

-----Byte -----

پروگرام کے دوران نکشے گاڑیوں کو روانہ کیا گیا اور پوشن کٹس تقسیم کی گئیں۔ سرینگر اور

ڈوڈہ اضلاع کو ٹی بی مکت پنچایت ایوارڈز بھی دیے گئے۔

اس موقع پر نِکشے عہد دلایا گیا اور نکشے متروں کو اعزازات سے نوازا گیا۔

Tuberculosis

جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں ایک سو روز تک جاری رہنے والے ٹی بی مکت بھارت

ابھیان کے آغاز پر مختلف پروگرام منعقد ہوئے ۔ اس بارے میں جموں کشمیر کے محکمہ صحت

نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔ Jyoti Jolly آفیسر ڈاکٹر Tuberculosis میں سٹیٹ

-------BYTE--------

ایل جی ملاقات

بی جے پی جموں کشمیر کے ترجمان گورو گپتا، نے جموں میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے

ملاقات کی۔

اس دوران ایم کے یوگی کی سربراہی میں کشمیری پنڈت کمیونٹی کے نمایاں ارکان پر مشتمل ایک

وفد نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی۔

فلورا ناگ بنی جموں کی سابق سرپنچ وندنا کماری بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات ہوئیں۔

ایل جی پوسٹ

اس دوران ایل جی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ انتظامیہ نے اننت ناگ –مٹن– بجبہارہ کلسٹر، کٹھوعہ– ہیرانگر – پرول –لکھن پور کلسٹر، اور جموں زون-3 میں انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ سہولیات کے قیام کی منظوری دے دی ہے۔ اس پروجیکٹ پر 11 ارب 62 کروڑ 40 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی۔

نائب وزیر اعلی

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کل راجوری ضلعے کے نوشہرہ میں متعدد ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے منصوبوں سے حکومت کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور علاقے کی ہمہ جہت ترقی کے عزم کا اعادہ ہوتا ہے۔

انہوں نے ڈاک بنگلہ نوشہرہ میں میگا روزگار میلے کا افتتاح کیا۔ میلے کا مقصد مقامی نوجوانوں کو ملازمت کے مواقع تلاش کرنے اور کئی کمپنیوں کے ساتھ رابطہ قائم کرنے کا اہم پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔

جل جیون مشن

جل جیون مشن سے وابستہ ٹھیکیداروں کی ایسوسی ایشن کے ایک وفد نے جموں میں جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا سے ملاقات کی اور ادائیگیوں کے اجرا سمیت مختلف مسائل ان کی نوٹس میں لائے ۔

وزیر نے وفد کی بات غور سے سنی اور یقین دہانی کرائی کہ تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل ایک میٹنگ میں جموں و کشمیر کے تمام اضلاع میں پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی اور تقسیم کاری کی صورتحال کا جائزہ لیا۔

چیف سیکریٹری نے ذخیرہ اندوزی، بلیک مارکیٹنگ، Over چارجنگ یا پیٹرولیم مصنوعات کی غیر قانونی منتقلی کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی ہدایت دی۔ انہوں نے صارفین کے مفادات کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر سخت نگرانی کی ضرورت پر زور دیا۔

دلی عدالت

دلی کی ایک عدالت نے کشمیری علیحدگی پسند آسیہ اندرابی کو غیر قانونی سرگرمیوں کے روک کے ایک مقدمے میں مجرم قرار دیتے ہوئے عمر قید کی سزا (UAPA) تھام سے متعلق ایکٹ سنائی ہے۔ ایڈیشنل سیشنز جج چندر جیت سنگھ نے سزا کی معیاد پر دلائل مکمل ہونے کے بعد آسیہ اندرابی کے خلاف فیصلہ سنایا۔

عدالت نے آسیہ اندرابی کی دو ساتھیوں، صوفی فہمیدہ اور ناہیدہ نسرین کو بھی اسی مقدمے میں مجرم قرار دیتے ہوئے 30، 30 سال قید کی سزا سنائی ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ